**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XII**

**ANNUAL EXAMINATIONS 2022**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 05 minutes Marks: 60**

Examinations 2022 for Learning Only
Teach

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور تصدیق کیجیے کہ وہ درست ہیں۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا نام اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کل **چار** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہر گز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

حصّہ ٔ نثر:

سوال۔1 (کل 15 نمبر)

(الف) ''جہاں تک ہو سکتا تھا ان کی دل شکنی گوارا نہ کرتا تھا۔ ان کے غریبانہ نذرانوں کو امیروں کی پیش کشوں سے زیادہ عزیز رکھتا تھا۔ اس کی باتیں سن کر یہ معلوم ہوتا تھا گویا اپنے تئیں کم ترین مخلوقات سے شمار کرتا ہے۔'' (مصنف: محمد حسین آزاد)

مجموعۂ نظم و نثر سے ماخوذ درج بالا عبارت میں مذکور شخصیت کا **اصل** اور **مکمل نام** کیا ہے؟ نیز دی گئی عبارت سے ان کے **دو** شخصی پہلوؤں کی نشان دہی اپنے الفاظ میں کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning only

(ب) سبق 'اردو لٹریچر کے عناصرِ خمسہ' میں حالؔی کا ذکر اردو ادب کی کس صنف کے حوالے سے بہ طورِ خاص مذکور ہے؟ نیز سبق میں مذکور حالؔی کے اسلوبِ تحریر (خصوصیاتِ تحریر) سے متعلق کوئی **دو** نِکات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

(ج) ''انسان کہتا ہے کہ مچھر بڑا کم ذات ہے۔ کوڑے کرکٹ، مَیل کُچیل سے پیدا ہوتا ہے اور گندی موریوں میں زندگی بسر کرتا ہے۔ ۔۔۔ مچھر کی سنو تو وہ آدمی کو کھری کھری سناتا ہے اور کہتا ہے کہ ''جناب! ہمت ہے تو مقابلہ کیجیے۔ ذات صفات نہ دیکھیے۔ میں کالا سہی، بد رونق سہی، نیچ ذات سہی، مگر یہ تو کہیے کہ کس دلیری سے آپ کا مقابلہ کرتا ہوں اور کیوں کر آپ کی ناک میں دَم کرتا ہوں۔'' (مجموعۂ نظم ونثر: 'مچھر' از: خواجہ حسن نظامی)

درج بالا عبارت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اپنے مشاہدے یا مطالعے سے کوئی **ایک** ایسی مثال پیش کیجیے، جس میں کوئی (فرد، قوم، ادارہ یا ملک وغیرہ) ظاہراً کم حیثیت ہونے کے باوجود بھی اپنے سے بڑوں پر کامیاب رہا ہو۔ (2 نمبر)

---

---

---

---

---

---

(د) ''جہاں شخصی اصلاح و شخصی ترقی مٹ گئی ہے یا دب گئی ہے، وہاں کیسی ہی آزاد اور عمدہ گورنمنٹ کیوں نہ قائم کی جائے، وہ کچھ بھی عمدہ نتیجے پیدا نہیں کر سکتی۔'' (مجموعۂ نظم ونثر: 'اپنی مدد آپ' از: سر سید احمد خان)

درج بالا عبارت کے پسِ منظر میں ہمارے معاشرے کی عکاسی بہ ذریعۂ مثال کیجیے۔ نیز اسی ضمن میں کوئی **ایک** رائے یا تجویز پیش کیجیے۔ (2 نمبر)

---

---

---

---



Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

(ہ) مجموعۂ نظم و نثر میں شامل سبق 'اور پاکستان بن گیا' کس کی تحریر ہے؟ نیز اِس سبق کے مرکزی خیال کے حوالے سے دو نِکات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

(و) مجموعۂ نظم و نثر میں شامل سبق 'کتے' اُردو ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟ نیز اُس صنف کی تعریف بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

**حصّہ نظم:**

سوال۔2 (کل 20 نمبر)

(الف)

صفِ محشر میں ترے ساتھ ہو تیرا مدّاح
ہاتھ میں ہو یہی مستانہ قصیدہ یہ غزل

درج بالا شعر کے شاعر کا نام بتایئے۔ نیز شعر کی تشریح کرتے ہوئے شاعر کی خواہشات واضح کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

(ب) مجموعۂ نظم و نثر میں شامل، اختر شیرانی کی نظم 'او دیس سے آنے والے بتا!' میں ایسے شخص کی کیفیت کی عکاسی کی گئی ہے جو اپنے دیس سے کہیں دور پردیس میں ہے۔ وہ اپنے دیس کے بہت سے لوگوں، دوستوں، ساتھیوں، جگہوں، موسموں، منظروں، مقاموں، مجلسوں اور محبتوں وغیرہ کو بہت یاد کرتا ہے۔ اُس کی ملاقات جب اپنے کسی ہم وطن سے ہوتی ہے تو وہ اپنے دیس کے بارے میں بے چین ہو کر پوچھتا ہے۔ (مرکزی خیال: نظم 'او دیس سے آنے والے بتا!' از: مجموعۂ نظم و نثر)

درج بالا مرکزی خیال کو پیش نظر رکھتے ہوئے بتائیے، اگر آپ کو کبھی اپنے دیس (شہر یا ملک) سے کہیں دور رہنا پڑ جائے تو وہ **تین** چیزیں مثلاً: دوست احباب، مقامات وغیرہ جو آپ کو سب سے زیادہ یاد آئیں گی اُن کی وجہ بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

(ج) جوشؔ ملیح آبادی کا بہ حیثیتِ شاعر مشہور لقب کیا ہے؟ نیز مجموعۂ نظم و نثر میں موجود ان کی نظم کا عنوان تحریر کرتے ہوئے اسی نظم کے تناظر میں ان کے لقب کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

(د)

فرعون نے کیا تھا جو دعویٰ خدائی کا　　شدّاد بھی بہشت بنا کر ہوا خدا
نمرود بھی خدا ہی کہاتا تھا برملا　　یہ بات ہے سمجھنے کی، آگے کہوں میں کیا
یاں تک جو ہو چکا ہے، سو ہے وہ بھی آدمی

(مجموعۂ نظم ونثر: 'آدمی کی فلاسفی' از: نظیر اکبر آبادی)

درج بالا بند میں 'علمِ بدیع' کی کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ نیز اُس صنعت کی تعریف بیان کرتے ہوئے دیے گئے شعر سے اُس لفظ / اُن الفاظ کی نشان دہی کیجیے، جس / جن کا تعلق اس صنعت سے ہے۔ (3 نمبر)

(ہ) صنفِ سخن 'منقبت' کی جامع تعریف بیان کیجیے۔ نیز آپ کے 'مجموعۂ نظم و نثر' میں موجود جو نظم 'منقبت' کے زُمرے میں آتی ہے، اُس نظم کا عنوان اور شاعر کا نام تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)



Annual Examinations 2022 for Teaching & Learning only

(و) مجموعۂ نظم و نثر میں شامل نظم 'مہنگائی اور عید' بہ لحاظِ ہیئت (ساخت) نظم کی کس قسم سے تعلق رکھتی ہے؟ نیز اُس ہیئت کی وضاحت کیجیے۔ (2 نمبر)

(ز)

کہنا کہ بھلا کیا انھوں نے
یاروں کو ملا دیا انھوں نے

(مجموعۂ نظم و نثر: 'چارہ گری' از: شاہ عبداللطیف بھٹائی)

درج بالا شعر میں شاعر کس رویے کو اچھا کہہ رہے ہیں؟ نیز آپ کی رائے میں اس رویے کے فروغ پانے سے ہمارے معاشرے پر جو اثرات مرتب ہوں گے اُن میں سے دو اثرات بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

## تخلیقی تحریر:

سوال۔3 (کل 15 نمبر)

**کبھی کبھی لوگ آپ کی دل سے مدد کرنا چاہتے ہیں، مگر آپ کے اخلاق، عادات اور آپ کے چال چلن کی وجہ سے آپ کے نزدیک بھی نہیں آتے۔**



دیے گئے تصویری خاکے کے پسِ منظر میں مضمون تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ مضمون نگاری کے اہم عناصر کو ملحوظ رکھیے۔ نیز اپنی تحریر کو عنوان دیجیے۔

2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ہمارے معاشرے کے لوگوں میں پائے جانے والے منفی رویوں کی نشان دہی کرتے ہوئے کسی ایک منفی رویے کی وضاحت کیجیے۔ نیز منفی رویوں کے پیدا ہونے کی وجوہات کے تناظر میں تحریر کا احاطہ کیجیے۔

3۔ تصویر کی جزئیات کا بہ غور جائزہ لیتے ہوئے منفی رویوں کے حامل لوگوں سے دیگر افراد کے قطع تعلق کر لینے کے جواز کی وضاحت کیجیے۔ نیز منفی رویوں کے حامل افراد کی اصلاح کے حوالے سے کوئی تجویز شامل تحریر کیجیے۔

4۔ طنز و مزاح کی خوبی کو اپنی تحریر کا حصہ بنائیے۔

**مضمون**

**عنوان:**________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

Annual Examination for Teaching & Learning Only

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

**مکتوب نگاری:**

سوال۔4 (کل 10 نمبر)

محکمۂ بجلی کے افسرِ اعلیٰ کے نام ایک درخواست تحریر کیجیے، جس میں اپنے علاقے میں بجلی کی چوری پر قابو پانے کی درخواست کرتے ہوئے درج ذیل نِکات شاملِ تحریر کیجیے:

- بجلی کی چوری مذہبی و اخلاقی اعتبار سے قابلِ مذمت عمل،
- بجلی کی چوری کے سبب ملکی سطح پر ہونے والے نقصانات کی نشان دہی،
- بجلی کی چوری کی وجہ سے عام آدمی کو درپیش مشکلات کا سامنا،
- بجلی کی چوری سے متعلق اپنے مشاہدے سے کوئی مثال،
- بجلی کی چوری جیسے جرم کو روکنے کے حوالے سے کوئی تجویز۔

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

اختتام

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

Annual Examinations 2022
for
Teaching & Learning Only